Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

تو سکون میرا

فاطمہ عطاالمصطفیٰ

ناول کا مقصد: اس ناول کو لکھنے کا مقصد یہ ہے حالات جیسے بھی ہوں امید نہیں چھوڑنی چاہیئے اور ہم کسی کو بھی اپنے عزیزوں کی موت کا ذمہ دار نہیں ٹھہرا سکتے موت برحق ہے وہ ہر صورت میں آنی ہے۔

رات کا تیسرا پہر تھا ہر کوئی میٹھی نیند کے مزے لے رہا تھا ایسے میں ایک لڑکی تھی جو تہجد کی نماز ادا کر رہی تھی اور وہ تھی میرال۔ میرال روزآنہ تہجد کے وقت اٹھ جاتی تھی۔اس کے بعد قرآن کی تلاوت کرتی اور تسبیحات کرتی۔ وہ ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرتی تھی۔ میرال نے ابھی حال ہی میں فزکس میں ماسٹرز کیا تھا۔میرال تسبیحات سے فارغ ہوئی تو فجر کی اذان شروع ہو چکی تھی۔ میرال فجر کی اذان بہت غور سے سنا کرتی تھی۔ فجر کی اذان اس کو بہت پسند تھی۔ فجر کی نماز سے فارغ ہوئی تو اپنے بستر پہ سونے کی غرض سے لیٹ گی وہ فجر کے بعد دو گھنٹے سوتی تھی۔ پر آج وہ لیٹ ہو چکی تھی۔ اس کی آنکھ

Posted On Kitab Nagri

کھلی تو وقت دیکھ کے اس کی آنکھیں پوری کھل گئی۔ اللہ اٹھ بج گے اتنا سو لیا میں نے جلدی جلدی اٹھ کے فریش ہو کے نیچے آئی۔

السلام و علیکم! کیسی ہیں دونوں۔

و علیکم اسلام! ممانی اور مما نے جواب دیا۔ چونکہ میرال آج لیٹ تھی اس لیے دونوں ناشتا بنا چکی تھی۔ اب بس لگانا تھا۔ مما آپ مجھے اٹھا دیتی میں لیٹ ہو گئی۔ کوئی بات نہیں بیٹا تم کون سا روز دیر سے اٹھتی ہو۔ میرال نے ناشتا لگانے میں مدد کی اور سب ڈائینگ ٹیبل پے آ چکے تھے۔ ڈائینگ ٹیبل پے اس ٹائم سات لوگ موجود تھے۔ وہ سب ناشتا اکٹھے کرتے تھے۔ اور گپ شپ بھی ہو جاتی تھی۔ ورنہ سب ہی بہت مصروف ہوتے تھے۔ سربراہی کرسی پہ سیلمان صاحب یعنی میرال کے ماموں بیٹھے تھے۔ اُن کے دائیں جانب میرال کی ممانی یعنی آمنہ بیگم بیٹھی تھیں۔ بائیں جانب آسیہ بیگم بیٹھی تھیں۔ آمنہ بیگم کے ساتھ زید سلیمان اور زید کے ساتھ ایان سلیمان بیٹھا تھا۔ آسیہ بیگم کے ساتھ میرال اور مینال بیٹھی تھی۔ مینال اور میرال دو ہی بہنیں تھیں۔ اور ایان اور زید دو بھائی۔ زید نے بی۔ بی۔ اے کیا تھا اور بہت کم عرصے میں مشہور بزنس مین میں اپنا نام بنایا۔ ایان کو بزنس میں کوئی بھی دلچسپی نہیں تھی اس لیے وہ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کر رہا تھا یہ آخری سال تھا اس کا ساتھ ساتھ ہسپتال بھی بنوا رہا تھا اپنا۔ مینال یونیورسٹی جاتی تھی وہ متیھ میں بہت اچھی تھی اس لیے بی۔ ایس متیھ کر رہی تھی۔ یہ اس کا چھٹا سیمسٹر تھا۔ سلیمان صاحب اپنی بھانجیوں سے بہت پیار کرتے تھے اپنے بیٹوں سے بھی زیادہ پر

Posted On Kitab Nagri

مینال انہوں زیادہ عزیز تھی۔اس کی شرارتے،اس کا ہنسنا انہوں بہت پسند تھا۔مینال دوست نہیں بناتی تھی اس کا یونیورسٹی میں کوئی بھی دوست نہیں تھا اس کے صرف دو ہی دوست تھے میرال اور ایان۔ میرال اسے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز تھی اس کے لیے اپنی جان دینے کے لیے بھی تیار تھی۔مینال نے جلدی جلدی ناشتا کیا اور ایان کو اٹھا رہی تھی اُسے دیر ہو رہی تھی اس کی پہلی کلاس مس ہو جاتی۔ ایان کی یونیورسٹی اس کی یونیورسٹی کے پاس ہی تھی اس لیے وہ اسے چھوڑ دیتا تھا۔اُن دونوں کے جانے کے بعد زائد اور سلیمان صاحب بھی چلے گے انہیں بھی دیر ہو رہی تھی۔میرال نے ناشتے والے برتن اٹھانا شروع کیے تو ملازمہ بھی کوارٹر سے آ گئی تھی۔میرال نے اپنی نگرانی میں ملازمہ سے سارے کام کیے۔اور آرام کی غرض سے روم میں چلی گئی۔اسے اپنے کمرے میں۔آئے صرف دس منٹ ہووے تھے کے اس کی مما آگئی۔مما آپ مجھے بولا لیتی۔نہیں بیٹا کوئی بات نہیں مجھے تم سے کوئی ضروری بات کرنی تھی اس لیے سوچا میں۔ہی آجاؤ۔مما۔بولے میں سن رہی ہوں۔بیٹا تمھاری خالہ رُخصتی کا کہہ رہی ہیں۔اُن کی رات کو کال آئی تھی میں نے بھائی سے ابھی بات نہیں کی پہلے تم سے پوچھنا تھا تمہیں کوئی عتراض تو نہیں۔نکاح کو بھی کافی عرصہ ہو گیا، تمھاری پڑھائی بھی پوری ہو چکی ہے۔مما میں کیا کہوں جیسے آپ کو مناسب لگے۔خوش رہو بیٹا مجھے تم سے یہ ہی اُمید تھی۔میری زندگی کا کچھ پتہ نہیں میں چاہتی ہو تم دونوں کی شادی ہو جائے۔مما ایسے تو نہ کہیں اللہ آپ کو میری عمر بھی دے دے۔میرال تم میری بہادر بیٹی ہو مجھے پتہ تم احمر کو اپنی طرف مائل ضرور کر لو گی تم اتنی اچھی ہو وہ

Posted On Kitab Nagri

ضرور تم سے دوبارہ محبت کرے گا۔اس کے منہ سے بے اختیار انشاء اللہ نکل گیا۔ آسیہ بیگم ہنسے لگ گئ اپنی ماں کو دیکھ کے میرال بھی ہنس دی۔ اور تھوڑی دیر ادر اُدھر کی باتوں کے بعد وہ چلی گئ۔

ماں کے جانے کے بعد میرال تھی اور اس کی سوچیں۔ یہ بات سچ کے ہی میرال کا رنگ زرد ہو جاتا تھا کہ وہ اس کے دل میں کیسے جگہ بنائے گی۔ وہ تو اس کی طرف دیکھتا بھی نہیں تھا۔ محبت تو دور۔

میرال کا نکاح اس کے خالہ کے بیٹے کے ساتھ ہوا تھا یہ نکاح گھر والوں کے اصرار پے ہوا تھا۔ جن میں میرال کی خالہ عالیہ بیگیم اس کے خالو اسلم صاحب اس کے ماموں اور اس کی والدہ بھی یہ ہی چاھتی تھی وہ چاہتی تھیں اُن کی بیٹیوں کی شادی اپنوں میں ہو غیروں میں شادی کا انجام تو وہ بھی بھگت رہی تھی۔ پر اُنہیں شاید یہ نہیں پتہ تھا بیٹیوں کے نصیب سے نہیں لڑا جا سکتا۔

ماما مما! میری شرٹ نہیں مل رہی مجھے دیر ہو رہی ہے یونی سے۔ عشل بول کم چیخ زیادہ رہی تھی۔۔ کیا ہوا بیٹا کیوں چیخ رہی ہو۔ مما میری شرٹ کہاں ہے۔ ایک تو یہ ملازمہ سارا کام خراب کر دیتی ہے۔ عشل بیٹا آجاؤ مجھے آفس سے دیر ہو رہی ہے بہت امپورٹنٹ میٹنگ ہے۔ ایک تو بھائی اور اُن کی میٹنگ۔ آ رہی ہو بھائی۔ جلدی آؤ

اچھا۔

یہ والی پہن لو عشل۔ اچھا مما۔

Posted On Kitab Nagri

ماما جائے باہر اور ملازمہ کی خبر ضرور لینی ہے آپ نے۔اچھا ابھی تو اؤ باہر وہ انتظار کر رہا ہے تمہاری وجہ سے اسے بھی دیر ہو جاتی ہے۔

جی!بس پانچ منٹ میں آتی ہو۔

ماما کیوں نہیں آرہی باہر عشل دیر ہو رہی ہے مجھے۔میری ایک اہم میٹنگ ہے۔آنے لگی ہے صبر بھی کرلو احمر۔احمر انہیں بس دیکھتا ھی رہ گیا۔۔احمر مجھے تم سے ایک اک ضروری بات کرنی ہے۔

جی بولے سن رہا ہو میں۔بیٹا دراصل میں نے رات کو تمہاری خالہ سے رخصتی کی بات کی ہے انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے تم بتاؤ اگر تمہیں کوئی اعتراض ہے۔اپنی رضا مندی دے دو۔ماما جیسے آپ کو مناسب لگے۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا شام کو جلدی آجانا۔ہم لوگ تمہارے ماموں کی طرف چلے گے۔تمہاری ڈیٹ فکس کرنے۔

کوشش کروں گا وہ اپنی ماں کا مان نہیں توڑنا چاہتا تھا ورنہ منا کر دیتا۔وہ اُن کی طرف کم ہی جاتا تھا بہانہ بنا دیتا تھا۔

چلے بھائی۔ہاں چلو۔وہ دونوں اپنی ماں کو خدا حافظ کہہ کر باہر نکل گئے۔راستے میں عشل نے احمر سے پوچھا!بھائی آپ ٹھیک ہیں۔اگر کوئی پریشانی ہے تو بتادیں مجھے۔

ہاں!نہیں کوئی بات نہیں ہے میں ٹھیک ہو۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا!لگ تو نہیں رہے مجھے تو لگ رہا ہے جیسے اپنی بیوی کو یاد کر رہے ہیں!ہاں تمہیں تو سب پتہ ہوتا ہے نہ۔

ہاہاہاہا! بلکل۔کیوں میں غلط سوچ رہی ہو کیا۔

چلو تمہاری یونی آگئی ہے۔کیا یار ابھی تو آپ کو تنگ کرنا شروع کیا تھا۔

اُترو میری گاڑی سے۔اللہ بھائی ابھی تو آپ کی بیوی ائی نہیں آپ نے ابھی سے آنکھیں ماتھے پے رکھ لی ہیں۔عشل مجھے دیر ہو رہی ہے۔

اچھا اوکے !اللہ حافظ۔

شام کو سب سلیمان صاحب کے گھر آکٹھے ہوئے۔میں چاہتا ہوں کیوں نہ زید اور مینال کا نکاح بھی ساتھ ہی کر دیا جائے۔کیا کہتے ہو تم سب۔بھائی یہ تو بہت اچھی بات ہے۔مینال نے غور کے اپنی ماں کی طرف دیکھا۔پر اس کی غوریوں کا کوئی فائدہ نہیں ہوا میرال بھی خوش تھی۔مینال اور زید کی منگنی احمر اور میرال کے نکّاح پے ہوئی تھی۔زید تو خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا آخر کار اس کو اس کی محبت مل رہی تھی اس کا انتظار ختم ہو رہا تھا۔میرال اور احمر کی شادی کی تاریخ اس مہینے کے آخر پے رکھی گئی تھی یعنی آج سے دس دن بعد۔میرال نوٹ کر رہی تھی احمر کچھ پریشان ہے۔اس کا موڈ آف تھا شاید۔میرال آپی تم ٹھیک ہو۔مینال اس کے پاس آئی تھی اسے مبارک دینے۔ہمم!وہ بس اتنا کہہ سکی۔اسے رونا آرہا تھا اس کا شوہر اس کی محبت اس کے پاس تھا پر وہ تو اس کی طرف دیکھتا بھی نہیں تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ماموں مجھے ایک بات کرنی ہے مینال نہ اپنے ماموں سے کہا!جی بولو۔ماموں میں اپنی پڑھائی نہیں چھوڑو گی۔زید نے غور کے مینال کی طرف دیکھا۔ماموں میں اپنی شادی نہیں کرنا چاہتی۔زید بس مینال کو دیکھ رہا تھا جو اس کے جذبہ جانتے ہوئے ایسے کر رہی تھی۔اس کا مذاق اُڑا رہی تھی سب کے سامنے۔ بیٹا صرف نکاح ہی تو کر رہے ہیں رخصتی نہیں کر رہے۔تم میری بیٹی ہو تمہارے لیے غلط فیصلہ تو نہیں کرو گا۔اُن کے دماغ میں صبح کا واقعہ آیا جب اُن کا بیٹا اُن کے پاس آیا تھا۔پاپا آپ میرا نکاح بھی ساتھ ہی کروا دئے۔پر بیٹا مینال نہیں مانے گی پاپا اسے منانا آپ کا کام ہے وہ آپ کو منع نہیں کرے گی مجھے پتہ۔آپ کے کہنے پہ پہلے ہی بہت انتظار کر چکا ہوں اب مزید نہیں۔وہ اپنے باپ سے کم ہی کچھ مانگتا تھا اس لیے وہ اُسے منا نہیں کر سکے۔کوشش کرتا ہو۔

ماموں ٹھیک ہے پر آپ اپنی بات پے قائم رہے گئے۔اوکے بیٹا!!

ایسے ہی سب ادر اُدھر کی باتیں کرتے رہے۔پر میرال بہت اُداس ہو گی تھی اور زید کا موڈ بھی خراب ہو چکا تھا۔احمر ایان سے باتیں کر رہا تھا اور عشل اور مینال باتیں کر رہے تھے شادی پے کپڑے کیسے بنائے۔جہاں لڑکیاں ہوں اور شاپنگ کی باتیں نہ ہو ہو نہیں سکتا۔

تھوڑی دیر بعد سب نے کھانا کھایا اور عشل احمر اور عالیہ بیگم چلے گئے۔

میرال نے کچن کی صفائی کی اور اپنے کمرے میں چلی گئی۔باقی سب بھی اپنے اپنے کمروں میں جا چکے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

سمجھتی کیا ہو تم خود کو مینال کے کمرے میں آتے ہی وہ شروع ہو چکا تھا۔ آپ کو تمیز نہیں ہے کسی کے کمرے میں ایسے نہیں جاتے۔ کسی نہیں ہوں میں ہونے والا شوہر ہو تمہارا ہوئے نہیں ہیں ابھی۔ جائے یہاں سے مجھے کوئی بات نہیں کرنی سونا ہے بس۔ ایک تو مینال اور اس کی نیند وہ اپنی نیند پے کمپر ومائز نہیں کرتی تھی۔ جسٹ شٹ اپ! انکار کیوں کیا۔

آپ کو جواب دہ نہیں ہو۔ جائے کسی نے دیکھ لیا تو مسئلہ ہو جائے گا۔ دس دن ہیں بس تمہارے پاس بس پھر تم سانس بھی میری مرضی سے لو گی۔ جا رہا ہو دروازہ بند کر کے سویا کرو۔

اس کے جاتے ہی وہ رونا شروع ہو چکی تھی وہ بھی اس سے محبت کرتی تھی پر وہ تو خود کو کسی کے قابل نہیں سمجھتی تھی وہ تو خود کو منحوس سمجھتی تھی۔

اگر میرال کے کمرے میں دیکھے تو اس کی آنکھوں سے نیند کوسوں دور تھی۔ وہ یہ سچ رہی تھی کے وہ کیسے اس کے دل میں جگہ بنائے گی۔

احمر بھی اپنے کمرے میں۔ یہ ہی سوچ رہا تھا وہ کیوں اس کے ساتھ ایسا کر رہا ہے دل کہہ رہا تھا اس کو نا ازیت دو دماغ کہہ رہا تھا وہ اسی قابل اسی کشما کش میں وہ بھی ساری رت نہیں سو سکا۔ یہ ہی سوچتا رہا وہ منحوس ہے۔ اس کی وجہ سے اپنے باپ کو کھو دیا۔

ماضی:

Posted On Kitab Nagri

میرال اور احمر کا نکاح تھا۔ میرال نے سفید رنگ کا گرارا پہنا تھا جس پے گولڈن کام ہوا تھا۔ بالوں کا جوڑا بنانے۔ ہلکا ہلکا میک اپ۔ وہ بے حد حسین لگ رہی تھی میرال کی آنکھیں گرے تھی ایسا لگتا تھا یہ رنگ یہ آنکھیں صرف میرال کے لیئے ہی بنی ہیں۔ آج اس کی گہرائی آنکھوں میں چمک تھی محبت حاصل کرنے کی چمک تھی۔ ہاتھوں میں پھولوں کا گجرے۔ گولڈن سمپل سا سیٹ پہنے وہ بے حد حسین لگ رہی تھی بیشک وہ بے حد حسین لڑکی تھی۔ دوسری طرف احمر نے بھی سفید رنگ کا سوٹ پہنا تھا۔ بلیک ویسٹ کوٹ پہنے۔ وہ بہت ہینڈ سم لگ رہا تھا۔ ہلکی ہلکی بریڈ آج وہ بائیس سالہ لڑکا سب کی نظروں میں تھا۔ دوسری طرف وہ اٹھارہ سال کی لڑکی ان دونوں کی جوڑی ایسی تھی جیسے ایک دوسرے کے لیے بنے ہو۔

مولوی صاحب نکاح شروع کرے۔ میرال کے ماموں زید، ایان اور مینال کمرے میں آے۔ اس کی مما اندر نہیں ائی تھی وہ باہر ہی تھی۔ میرال بہت کنفیوزڈ تھی میرال آصف ولد محمد آصف آپ کا نکاح احمر علی وَلد محمد اسلم علی سے کیا جاتا اپ کو قبول ہے۔ میرال سے کچھ بولا ہی نہیں جا رہا تھا ماموں نے اس کے سر پہ ہاتھ رکھا بولو بیٹا۔

ق۔ قبول ہے۔ مولوی صاحب نے تین دفعہ پوچا تین دفعہ رضامندی لینے کے بعد مولوی صاحب احمر کے پاس آے۔ احمر نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو بہت خوش تھے۔ اُن کے بیٹے کی خوشی تھی۔ احمر خوش تھا کیوں کہ اس کی ماں باپ یہ چاہتے تھے۔ مولوی صاحب شروع کرے۔

Posted On Kitab Nagri

احمر علی ولد اسلم علی آپ کا نکاح میرال آصف ولد محمد آصف سے کیا جاتا قبول ہے۔

قبول ہے! قبول ہے! قبول ہے! احمر نے بھی تین دفعہ رضامندی دی۔

مولوی صاحب نے مبارک باد دی اس کے بعد باری باری سب نے احمر کو مبارک باد دی۔

تھوڑی دیر باد دلہن کو بھی اسٹیج پے لیا گیا۔ احمر تو اسے دیکھ کے رہ گیا کوئی اتنا حسین بھی لگ سکتا۔ احمر سوچ کر رہ گیا۔

کھانا کھانے کے بعد سلیمان صاحب نے زید اور مینال کی بات بھی ساتھ ہی پکی کر دی۔ سب اس رشتے سے خوش تھا سوائے آمنہ بیگم کے۔

تھوڑی دیر بعد احمر لوگ چلے گے۔ گھر آنے کے بعد سب اپنے اپنے کمرے میں چلے گے۔ ابھی انہیں اے ایک گھنٹہ ہوا تھا کے اسلم صاحب کو فون آیا اُن کے دوست کا ایکسڈنٹ ہو گیا۔ وہ کسی کو بھی پریشان نہیں کرنا چاہتے تھے صرف اپنی بیوی کو بتا کر چلے گئے۔ ورنہ احمر انہیں رات کو اکیلے نہیں جانے دیتا۔

اُنہیں گے تین گھنٹے ہو گے تھے نہ واپس آئے تھے نہ کوئی کال نہ کال اٹینڈ کر رہے تھے۔ عالیہ بیگم پریشان ہو گئی تھی۔ وہ احمر کے کمرے میں آئی۔ وہ شاید جاگ رہا تھا جو ایک بار نوک کرنے پر ہی دروازہ کھول دیا۔ کیا ہوا مما آپ ٹھیک ہیں ہیں تمہارے بابا ابھی تک نہیں آئے کہا گے تھے مجھے لے جاتے ساتھ۔ اُن کے دوست کا ایکسڈنٹ ہو گیا تھا وہاں گے ہیں فون نہیں اٹھا رہے۔ اتنی دیر میں ہی

Posted On Kitab Nagri

احمر کے نمبر پے فون اگیا۔ ہیلو! بابا آپ کہہ ہیں میں آپ کے بابا کو ہسپتال لے کر آیا تھا اُن کا ایکسڈنٹ ہوا تھا بہت بری حالت تھی اُن کا انتقال ہو گیا آپ اُن کی ڈیڈ باڈی کے جائے کیا!!!! میرے بابا! نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ وہ ایسے ہی باہر بھاگ گیا۔ عالیہ بیگم سب سن چکی تھی وہ وہیں نیچے بیٹھ گئی۔ عشل بھی رونے کی آواز سن کے باہر آگئی تھی اسے سمجھ ہی نہیں آرہا تھا۔ کیا ہو رہا ہے۔ مما آپ ٹھیک ہیں۔ تمہارے بابا وہ صرف اتنا ہی کہہ سکی اور رونے لگی اونچی اونچی۔

ماما کیا ہوا بابا کو آپ ٹھیک ہیں۔

اُن کا انتقال ہو گیا۔ کیا! عشل کو کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کیا کرے کیسے ماں کو سنبھالے۔ اس نے میرال کو کال کی۔ اور اس نے دوسری بیل پے فون اٹھایا۔ آپی۔۔ کیا ہوا تم ٹھیک ہو۔۔۔ نہیں آپی میں۔ ٹھیک نہیں ہو آپ آجائے۔۔۔ اسے بتانے کے بعد میرال کو خود کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کیا کرے۔ وہ جلدی جلدی اٹھی اور سب کو بتایا زید کو بھی ابھی ابھی فون آیا تھا احمر کا۔ وہ سب چلے گے۔ وہ ابھی اندر انٹر ہو رہے تھے کے انہیں ایمبولینس کی آواز آئی۔ سب باہر آگے۔ عشل تو بیہوش ہو چکی تھی۔ احمر کی مما کو آمنا بیگم اور آسیہ بیگم سنبھال رہی تھی عشل کو مینال اور میرال سنبھال رہی تھی۔

ایسے ہی سب کی زندگی چل رہی تھی اگر کسی کی زندگی روکی تھی تو اسلم منیشن کے ممبرز کی۔

Posted On Kitab Nagri

سوم ہو چکا تھا سب جانے کے لیے تیار تھے۔احمر اپنے کمرے میں تھا۔ میرال بیٹا احمر کو بولا لو۔ جی ماموں۔ میرال اس کے کمرے میں آئی تو اندھیرے نے اس کا استقبال کیا۔ دروزاہ کھولا تھا تو وہ اندر چلی گی۔ احمر ماموں بولا رہے ہیں۔۔

تم کیوں آئی ہو تمہاری وجہ سے ہوا یہ سب وہ اس پہ چیخ رہا تھا۔ میری وجہ سے۔ ہاں!! جاؤ یہاں سے مجھے تمہاری شکل نہیں دیکھنا چاہتا۔ تم نہ آتی میری زندگی میں نہ یہ سب کچھ ہوتا۔ میرال کی آنکھوں میں آنسو آ گے۔ اس نے اس کا ہاتھ اتنی زور سے پکڑا تھا کے میرال کو لگا ٹوٹ ہی گیا۔ جب برداشت بس ہو گئی تو بس اتنا کہہ ! میرا بازو۔۔ اس نے فوراً چھوڑا اور کہا۔۔ آج کے بعد شکل نہ دیکھنا۔ وہ اُسے ایسے ہی دیکھتی رہی۔ جاؤ اب۔ ماموں بولا رہے ہیں۔۔ آپ کو۔۔ آ رہا ہو۔

وہ نیچے آئی ی تو سب اسی کا ہی انتظار کر رہے تھے۔ آ رہے ہیں۔ وہ بس اتنا ہی کہہ سکی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے جو کوئی دیکھے نہ دیکھے اس کی ماں دیکھ چکی تھی۔

احمر نیچے آیا۔ ماموں آپ نے بلایا۔ ہاں بیٹا میں چاہتا ہوں تم لوگ بھی ساتھ چلو۔ نہیں ماموں میں یہی رہو گا اور یقیناً مما بھی اس گھر کو چھوڑنا نہیں چاہتی ہوں گی۔

جی بھائی ہم نہیں جائیے گے۔ احمر سنبھال لے گا۔ جیسے تم لوگوں کو مناسب لگے۔

حال:

Posted On Kitab Nagri

یااللہ میں نے کچھ نہیں کیا۔ احمر کیوں مجھے قصوروار سمجھتے ہیں۔وہ جاے نماز پے بیٹھی رو رہی تھی وہ احمر کا رویہ برداشت نہیں کر پارہی تھی۔وہ ساری رات نہیں سو سکی۔ اس وقت بھی وہ تہجد پڑھ رہی تھی ان چار سالوں میں اس نے ایک دن بھی تہجد نہیں چھوڑی تھی وہ ہر رات اس کو مانگتی تھی اسے یقین تھا اللہ اس کی ضرور سنئے گا۔

شادی کی تیاری عروج پے تھی۔ اتنا وقت نہیں تھا اس لیے سب نے آنلائن ہی شاپنگ کی تھی۔ پر مینال کے نکاح کا ڈریس ابھی تک نہیں آیا تھا وہ زید نے لینا تھا اُسے ٹینشن تھی کل نکاح تھا اور اس کا ڈریس نہیں آیا تھا۔ میرال کی بارات کا ڈریس اس نے آنلائن ہی منگوا لیا تھا پر اپنا ابھی تک نہیں ملا تھا اُسے۔وہ یہ سچ رہی تھی کے اسے نیچے سے آوازیں آنا شروع ہو گئی۔ وہ نیچے آئی تو زید اور احمر باتیں کر رھے تھے۔ عشل اور خالہ بھی ساتھ تھے وo شاید مایوں کا سوٹ دینے آے تھے۔ میرال بھی خالا کے ساتھ بیٹھی تھی۔ آسیہ بیگم اور آمنہ بیگم کچن میں تھیں۔ میرال تم اپنے ولیمے کا ڈریس خود لے آوٴ احمر کے ساتھ جا کے مایوں کا تو عشل نے منگوا لیا ہے پر ولیمے کا تم اپنی پسند کا لے آو۔ احمر اپنی ماں کی طرف دیکھ رہا تھا جو اسے بہانے سے یہاں لائی تھی۔ وہ بس اپنی ماں کو دیکھتا ہی رہ گیا۔ وہ کبھی اپنی مما کو منا نہیں کرتا تھا آج تو اس کا دل کر رہا تھا منا کر دے۔ پر ساتھ ہی زید بول پڑا کیوں نہ میں اور مینال بھی چلے اس کا بھی ڈریس لانا ہے۔ میرال مینال ایک دوسرے کو دیکھ رہی تھی میرال اب منا بھی نہیں کر سکتی تھی۔ چلو پھر عشل تم چلو گی۔ یہ سوال میرال نے پوچھا۔ نہیں آپی آپ لوگ جائے۔ وہ چاروں

Posted On Kitab Nagri

ایک گھنٹے بعد شاپنگ کے لیے نکلے ایک گاڑی میں میرال اور احمر دوسری میں زید اور مینال۔ دونوں بہت گھبرائی ہوئی تھیں۔ زید کا تو موڈ سہی تھا آج پر احمر کا آف ہو گیا تھا ساری راستے وہ دونوں خاموش تھے۔ زید تھوڑی بہت باتیں کر رہا تھا۔ وہ چاروں ایک شاپنگ مال میں داخل ہوئے۔ بہت سارا گھومنے کے بعد زید کو ایک ریڈ کلر کی مکسی پسند آئی تھی اس نے مینال کو راستے میں ہی کہہ دیا تھا میری بیوی سرا کچھ میری پسند کا پہنے گی۔ اس کے ساتھ اس نے میچنگ جیولری اور ہیلز لی وہ بھی زید کی ہی پسند کا تھی۔ میرال بھی چاہتی تھی کے احمر اس کے لیے ڈریس لی پر وہ خاموش تھا پھر اس نے خود ہی اپنے لیے پنک کلر کی مکسی پسند کی جو اس سے زیادہ مینال کو پسند آئی تھی۔ شاپنگ کرنے کے بعد وہ سب ایک ریسٹورنٹ آئے تھے جو کے زید نے حامی اٹھائی تھی وہ سب کو کچھ کھلائے گا۔ کھانا کھانے کے بعد وہ سب گھر واپس آ گے۔ سب تھک گے تھے مینال اپنے کمرے میں۔ چلی گئی۔ شاپنگ بیگز وہی پڑے تھے۔ میرال خالا کے پاس بیٹھ گئی اور عشل اُن کی شاپنگ دیکھ رہی تھی اسے سب کچھ بہت پسند تھا۔ اور سب واپس چلے گے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دن مہندی تھی ساتھ مینال کا نکاح۔ میرال نے پیلے اور پنک کلر کا سوٹ پہنا تھا جو کے بہت خوبصورت تھا۔ اور مینال نے ریڈ مکسی دونوں بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔ مینال اور زید کا نکاح پہلے تھا۔ مینال تو بہت ایموشنل ہو گی تھی پر سب نے سمجھایا ابھی صرف نکاح ہو رہا رخصتی نہیں۔ پھر مہّندی کی رسم ادا ہوئی شادی بہت سادگی سے ہو رہی تھی بس کچھ ہی لوگوں کو بلایا گیا تھا۔ مہندی کی

Posted On Kitab Nagri

رسم ختم ہوئی تو احمر لوگ چلے گے۔ مینال میرے کمرے میں جائے گی۔ تم پاگل ہو گے ہو زید۔ وہ نہیں مانے گی اس سے پیچ کون رہا ہے۔ میں بتا رہا ہوں۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

مینال تو اسے دیکھتی ہی رہ گئی جو ابھی سے حق جتانا شروع کر چکا تھا۔ تم جاؤ میرے کمرے میں۔

مجھے نہیں جانا پلیز۔ تم جاؤ میں کیا کہہ رہا ہوں۔

زید کی مما تو حیران تھی بیٹے کی حرکت پے وہ تو چپ تھی صرف اس لیے کے کچھ نہ کچھ کر کے وہ بعد میں اس کی طلاق کروا دائیں گی۔ پر اُنہیں ایسا ہوتا نظر نہیں آ رہا تھا اب۔ سب حیران تھے۔ مینال تو اپنے ماموں کو دیکھ رہی تھی جو چپ تھے۔

زید خود ہی اس کا بازو پکڑ کے اسے اپنے کمرے میں۔ لے آیا۔ اب یہی رہنا ہے۔ مینال صرف انسوں بہانے میں مصروف تھی۔ مجھے جانے دیں۔ نہیں اب یہی رہنا

مینال اُس کے پاس ہی صوفے پے بیٹھی تھی وہ ساری رات اسے دیکھ رہا تھا جو اس کی طرف دیکھ بھی نہیں رہی تھی بات کرنا تو دور کی بات ہے۔ جب زید کی بس ہوئی تو اس نے کہنا شروع کیا سونا نہیں ہے۔ نہیں مجھے اپنے روم میں جانا۔ تم اپنی نیند پے کمپرومائز تو نہیں کرتی۔ آپ جانے دیں گے تو ہی سو گی نہ۔ یہی سو جاؤ۔ میں صوفے پے لیٹ جاتا ہو تم سو جاؤ بیڈ پے آپ کیسے۔ تم جاؤ۔

ہمم! وہ ساری رات سو نہیں سکا وہ اس سے بات نہیں کر رہی تھی۔ نیند تو اسے آ نہیں رہی تھی مینال کے کمرے سے اس کی کچھ ضرورت کی چیزیں لے آیا اور اسے بیڈ کے سائڈ پے رکھ دیا سر میں بھی درد شروع ہو گیا تھا خود صوفے پے لیٹ گیا۔ سوچتے سوچتے اسے پتہ نہیں چلا وہ کب سو گیا۔ صبح میرال کی آنکھ کھلی تو اپنی چیزے دیکھ کے خوش تو ہوئی پر ابھی اسے فرش ہونا تھا اس کے اٹھنے سے پہلے اور

Posted On Kitab Nagri

میرال کے پاس بھی جانا تھا جو یقیناً اس کا انتظار کر رہی ہو گی آج اس نے چلی جانا تھا یہ سچ کر ہی مینال اُداس ہو گئی تھی وہ اس کی بہن کم دوست زیادہ تھی۔ فرش ہو کے وہ میرال کے کمرے میں آگئی اس کی چیزے نکالی اسے ابھی پارلر والی نے تیار کرنے آ جانا تھا۔ میرال کی چیزے نکالنے کے بعد مینال نے اس کے لیے ناشتا اس کے کمرے میں لے آئی اس کے بعد دونوں نے ناشتا کیا اور پھر مینال کو نیچے مما کی ہیلپ بھی کرنی تھی گھر میں ہی رخصتی تھی گارڈن میں سارے انتظامات کیے گے تھے۔ سارے چھوٹے موٹے کام کرنے کے بعد وہ اپنے کمرے میں آئی اور اپنی چیزے وغیرہ نکالی اب اس کی ہمت نہیں ہو رہی تھی وہ کیسے زید کے کمرے میں جائے اگر نا جاتی پھر وہ ناراض ہو جاتا۔ اپنی چیزے لے کر وہ زید کے کمرے میں آگئی اور خود ہی ہلکا پھلکا میک اُپ کر لیا۔ تیار ہونے کو دل تو نہیں تھا پر مجبوری تھی اس کی بہن کی شادی تھی۔ زید جو ابھی کمرے میں تیار ہونے آیا تھا آتے ہی اسے دو شوک لگے پہلا وہ اس کے کمرے میں تھی دوسرا وہ بہت حسین لگ رہی تھی۔ پر ابھی اسے ناراضگی شو کرنی تھی۔ مینال اس کے کپڑے نکالنے لگی تو اس نے منع کر دیا اب جیسی بھی رخصتی تھی اب نبھانا تو تھا ورنہ پھر ممانی کو موقع مل جاتا۔ تم رہنے دو میں کر لوں گا۔ میں نکال دیتی ہو۔ صبح کا اب یاد آیا کہ تم اب شوہر والی ہو اسے ناشتا بھی کرنا تھا۔ مجھے یاد ہی نہیں رہا گھر میں اتنے کام تھے۔ جاؤ وہ ہی کرو میں کر لو گا اپنے کام خود کر دیتی ہوں نہ اب اگر کہیں تو چائے بنادو۔ کافی تھکے لگ رہے ہیں۔ اب اس حلیے میں کام کرواتا اچھا لگو گا تم رہنے دو میں ٹھیک ہو۔ مجھے میرال کے پاس جانا چلی جاؤ۔ تو ابھی تمہیں میرے کام کرنے

Posted On Kitab Nagri

تھے ابھی میرال یاد آگئی۔ بس آج ہی کی تو بات ہے پھر یہی رہنا مجھے آپ کے پاس۔ یہ کہہ کر اُس نے دوڑ لگادی۔

میرال بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔ مینال اسے دیکھتی ہی رہ گئی۔ آج تو لگتا احمر بھائی پے بجلیاں گرانے کا ارادہ۔ میرال کی گوریوں کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ مینال نان سٹاپ بول رہی تھی۔ پارلر والی اسے تیار کر کے باہر آ گئ۔ اسے اور جگہ بھی جانا تھا۔ اب میرال اور مینال باتیں کر رہی تھی۔

تھوڑی دیر میں برات کے آنے کا شور ہوا تو مینال باہر چلی گئ اسے رسم بھی تو کرنی تھی۔ میرال کانپ رہی تھی۔ وہ رونا نہیں چاہتی تھی پر یہ وقت ہی ایسا تھا خود ہی رونا آ رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد اُسے باہر لیا گیا عام طور پر دولہے دلہن کو دیکھتے رہ جاتے ہیں لیکن یہاں میرال کو لگ رہا تھا وہ بے ہوش ہو جائے گی وہ اتنا ہینڈسم لگ رہا تھا کے دل میں ماشاءاللہ کہہ دیا اسے لگ رہے رہا تھا اس کی نظر لگ جانی ہے۔ میرال کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لینے سے احمر کو لگ رہا تھا۔ جیسے کسی برف کو ہاتھ میں پکڑا وہ اتنی ٹھنڈی ہو رہی تھی۔ اسٹیج پے بیٹھنے کے بعد دودھ پلائی کی رسم ہوئی جو کے مینال نے ہی کرنی تھی ظاہری سی بات ہے۔ مینال اچھا خاصہ لوٹ چکی تھی۔ بہن کی شادی پے سالیوں کی موج ہوتی ہے۔ رخصتی پے میرال مینال اور آسیہ بیگم خوب روئی احمر تو اکتا گیا تھا۔ گھر آنے کے بعد عشل میرال کو کمرے میں لے گی۔ عشل بھی کافی پیاری لگ رہی تھی آج۔ میرال کو بیٹھانے کے بعد وہ دروازے پے کھڑی ہو گی اب اسے بھی تو بھائی کو لوٹنا تھا احمر نے اس کے کہنے سے پہلے ہی اسے پیسے دے دیے وہ بہت تھک گیا تھا اسے روم

Posted On Kitab Nagri

میں آرام کرنا تھا۔بڑی بات ہے بھائی میں نے تو کچھ مانگا ہی نہیں تھا آپ نے ڈریکٹ مجھے پیسے دے دیئے۔اب مل گے ہیں نہ تو ہٹو اچھا اتنی بھی کیا جلدی۔یہ لیں جائے۔جب وہ اندر آیا وہ بیڈ پے بیٹھی تھی اس کو ایک نظر نہیں دیکھا۔لائٹ بند کر دو مجھے سونا۔جی۔وہ حیران تھی کیا تھی اس کی قسمت۔وہ رونے والی ہو گئی تھی پر وہ نہیں رونا چاہتی تھی۔اُٹھ کے اس نے ایک سادہ سا جوڑا نکالا جلدی جلدی یہ سوچ کے کے پہلے ہی دن بستی نہ ہو جائے۔احمر ایسے ہی صوفے پے لیٹ گیا وہ بہت تھک گیا تھا سارے کام خود ہی کیے تھے کوئی کرنے والا ہی نہیں تھا اور صبح بھی اسی نے سب کچھ سنبھالنا تھا۔میرال جلدی جلدی واشروم چلی گئی اور تقریباً پندرہ منٹ بعد باہر ائی۔احمر شاید سو گیا تھا۔پہلے اس کا دل کیا اسے کہے بیڈ پے لیٹ جائے پر اپنی انسلٹ کی وجہ سے اس نے کہا ایسے ہی ٹھیک ہے۔

میرال بھی کافی تھک گئی تھی۔بیڈ پے لیٹے اسے پتہ ہی نہیں چلا اس کی آنکھ کب لگ گئی۔

کیا بات ہے میری جنگلی بلی کافی خاموش ہے اللہ خیر کرے۔بولو تب مسئلہ نہ بولو تب بھی مسئلہ۔زید مجھے آپ سے بحث نہیں کرنی مجھے سونا۔کیا ہوا بہت سمجھدار ہو گی ہو ایک ہی دن میں۔اچھا یہ بحث بعد کے لیے رکھ لیں مجھے ابھی سونے دیں۔ویسے کیا ارادہ آج بھی مجھے صوفے پے ہی بیٹھنا پڑے گا۔نہیں مجھے نہیں پتہ۔آپ کا روم ہے جہاں آپ چاہے سو جائے۔چلو پھر مجھے سونے دو۔ہو۔۔۔ کتنے وہ ہیں آپ۔میرا ڈائیلاگ مجھے ہی مار دیا۔اچھا میں بہت تھک گیا ہو مجھے سونے دو۔

Posted On Kitab Nagri

اگلے دن میرال کی آنکھ کھلی پہلے تو حیران ہو گئی آج پہلی دفعہ اس کی فجر اور تہجد چوٹ چکی تھی۔ یااللہ اتنی دیر۔ احمر شاید باہر جا چکا تھا۔ وہ فاٹافٹ تیار ہوئی اسے اب اکیلے نیچے جانے میں شرم آرہی تھی۔ کسی کو بولا بھی نہیں سکتی تھی۔ یہ سوچ رہی تھی کے احمر آگیا۔ مما بولا رہی ہیں نیچے مینال اور زید آئے ہیں ناشتا لے کر۔ اچھا۔ میرال اسے دیکھ بھی نہیں سکی۔ ایک منٹ۔ یہ پہن لو اُسنے سائڈ ٹیبل سے ایک ڈبی نکال کے دی۔ میرال تو خوشی سے پاگل ہی ہونے والی تھی کے اس نے اس کے لئے گفٹ لیا۔ یہ ممانے دیا تھا تمہیں دینے کے لیئے۔ اس کی خوشی صرف کچھ سیکنڈ کی ہی تھی۔ اچھا۔ اب اس کا دل ہی نہیں تھا کے وہ اُسے کھول کے دیکھے اس نے ایسے ہی ڈریسنگ پے ہی رکھ دیا۔ اور کمرے سے باہر نکل گئی۔ احمر بھی پیچھے ہی نیچے آگیا۔ سب ڈائننگ پے اُن دونوں کا انتظار کر رہے تھے سلام کرنے کے بعد سب نے ناشتا کیا۔ مینال میرال کے ساتھ اس کے کمرے میں آگئی عشل بھی ساتھ ہی تھی۔ عشل نے بولنا شروع کیا بھابھی بھائی نے کیا گفٹ دیا۔ اس کا دھیان سائڈ ٹیبل پے گیا وہ پڑا دیکھ لو بھابھی آپ پہن لیتی۔ مجھے یاد نہیں رہا ابھی پہن لتی ہوں۔ اس نے باکس کو کھولا تو حیران رہ گئی رنگ بہت خوبصورت تھی۔ بھابھی یہ تو بہت پیاری ہے۔ ہمم۔ احمر بھائی کی چوائس تو بہت اچھی ہے مینال نے بھی حصہ ڈالنا ضروری سمجھا۔ میرال رنگ کو دیکھ رہی تھی جو واقعی بہت پیاری تھی۔ تھوڑی دیر ایسے ہی باتیں کرنے کے بعد احمر اور زید بھی یہی آگے۔ مینال چلے گھر سب ویٹ کر رہے ہوں گے۔ جی۔ سب نیچے آگے۔ مینال اور زائد چلے گئے انہیں ولیمے کی بھی تیاری کرنی تھی۔ احمر اپنے کمرے میں آ

Posted On Kitab Nagri

گیا۔ میرال خالہ پاس بیٹھ گئی۔ اسے خالہ سے پوچھنا بھی تھا انہوں نے کو گفٹ لیا تھا۔ عشل بھی اپنے کمرے میں چلی گئی۔ خالہ آپ نے کیوں گفٹ لیا تھا وہ خود لے لیتے یہ رہنے دیتے۔ میرال خالہ کی گود میں سر رکھ کے اُن سے شکوہ کر رہی تھی۔ بیٹا اسے ان چیزوں کا نہیں پتا بس اس لیے۔ خالہ میں اُن سے شکوہ نہیں کرتی۔ میرال وہ ٹھیک ہو جائے گا اور اسے تم ٹھیک کرو گی۔ آپ مجھے چیلنج کر رہی ہیں۔ نہیں مجھے یقین ہے تم میری بیٹی ہو اور مجھے ان دونوں سے زیادہ عزیز ہو۔ خالا میں نہیں کر سکو گی۔ تم ابھی سے ہار مان رہی ہو۔ نہیں خالا اُمید ہے اللہ پے پر وہ میری طرف دیکھتے بھی نہیں تو مانے گے کیسے۔ یہ پہلی دفعہ تھا کے وہ شکوہ کر رہی تھی۔ بیٹا وہ مان جائے گا۔ تم بہت پیاری ہو دیکھنا اک وقت اے گا کے وہ تم سے خود محبت کا اظہار کرے گا۔ ابھی جاؤ کمرے میں اس کے آس پاس رہو ایک دن ہوا شادی کو اور ایسے دونوں اُداس ہو۔ نہیں خالا میں نہیں جانا۔ پلیز جاؤ میرال۔ اپنی ساس کی بات نہیں مانوں گی۔ خالا آپ تو ابھی سے بدل گئی ہیں۔ ابھی کہہ رہی تھی بیٹی ہو ابھی ڈانت رہی ہیں۔ نہیں بیٹا جاؤ اس کے پاس۔ جا رہی ہوں۔ چائے پیو گی۔ میں احمر اور اپنے لیے بنانے لگی ہو۔ میں بنا دیتی ہو نہیں بیٹا ابھی تم جاؤ جو کام کہا ہے میں تم دونوں کے لیئے چائے بجواتی ہوں۔ پھر پار لر والی بھی انے والی ہے۔ جی۔ وہ کمرے میں آئی تو وہ کچھ کام کر رہا تھا۔ میرال کو شاک کے شاک مل رہے تھے۔ یہ بندہ اپنی شادی پے بھی کام کر رہا تھا۔ تقریباً دس منٹ بعد چائے آئی۔ میرال دروازے پے ہی کھڑی تھی۔ ملازمہ چائے دینے آ آئی تو میرال کو دیکھ کے حیران ہوئی جو اسے دیکھنے میں اس قدر مصروف تھی کے

Posted On Kitab Nagri

اس کی موجودگی کا احساس بھی نہیں ہوا۔بی۔بی جی چائے۔ہاں! اسے بہت شرمندگی ہوئی۔ وہ کیا سوچتی ہو گی۔مجھے دے دو۔ آپ جائے۔جی۔۔۔

آپ کی چائے۔۔ اس نے سائڈ ٹیبل پے چائے رکھ دی۔ اس نے ایک نظر دیکھا اور پھر کام میں مصروف ہو گیا۔میرال بھی بالکنی میں چلی گئی۔اسے اچھا نہیں لگتا تھا بار بار اپنی تذلیل کروانا۔پر کرنا تھا مجبوری تھی۔احمر نے چائے پی اور کام بھی ختم کر چکا تھا۔وہ نیچے آگیا۔میرال کو پتہ نہیں کتنی دیر ہو گی تھی وہاں کھڑے ہوش اسے تب آیا جب عشل آئی۔ بھابھی آپ چینج کر لیں پارلر والی آگئی ہے۔اچھا۔۔ آپ کا ڈریس نکال دیا۔ آپ چینج کرے میں چیزیں لے کر آتی ہو پھر آپ کو تیار کروا کے خود بھی یہی ہو جاؤ گی۔ورنہ آپ تو کچھ کہے گی نہیں وہ جو مرضی کر دے آپ کے فیس کا۔ہاہاہا۔۔ مزاق اڑا رہی ہو۔ نہیں تو حقیقت ہے۔اچھا مجھے تو تم آپی کہتی تھی اب اچانک بھابھی۔کیوں کے اب بھابھی ہیں۔اچھا جی! جی۔چلے چنج کر لیں۔میں آتی ہو۔میرال نے چینج کیا تو پارلر والی آگئی تھی عشل نے اسے اچھے سے تیار کروایا آج وہ کل سے بھی زیادہ پیاری لگ رہی تھی۔بھابھی کیوں میرے بھائی کو بیہوش کروانا۔اتنی پیاری لگ رہی ہیں۔میں نیچے جا رہی ہو۔ آپ انتظار کرے اپنے سیاں جی کا۔عشل نیچے آگئی۔ احمر بھی چینج کرنے اوپر آگیا وہ تو اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔ اتنی پیاری لگ رہی تھی وہ۔ ا۔آ۔آپ چینج کر لیں۔میرال نے اسے کہا۔ہاں جا رہا ہو۔اس کا دل تھا وہ اس کی تعریف کرے۔

Posted On Kitab Nagri

دوسری طرف زید کو کچھ ہضم نہیں ہو رہا تھا مینال کا رویہ جب اس سے رہا نا گیا تو پوچھ لیا کیا بات ہے کیوں اپنے معصوم شوہر کو مارنا۔ اتنی اچھی میناؔل تو نہیں تھی۔ جو شوہر کے کام کرے۔ اپنی زبان نہ چلائے۔ آپ کی یہ ہی سزا۔۔ مجھے پتہ آپ کو میں ویسی پسند ہوں جو آپ نے میرے ساتھ کیا۔ اس کے لیے آپ کو یہ فیس کرنا ہو گا۔ ضروری نہیں لڑ جگڑ کے ہی ناراض ہوا جائے یا کسی کو ہاتھوں سے ہی سزا دی جائے انسان کا رویہ سب سے بڑی سزا ہوتا جو میں دوں گی آپ کو۔ میں نے تم سے تمہارا کوئی حق نہیں چھینا نا ہی تمہیں پڑھنے سے روکا۔ تم سے شادی اس لیے ہی کی ہے کے مام میری شادی نمرہ سے کروانا چاہتی ہیں وہ مجھے کئی دفعہ کہہ چکی ہیں۔ تم نہیں سمجھو گی تمہیں صرف بیوقوفیاں آتی ہیں بس۔ آپ فرش ہو جائے۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

مجھے۔ تم سے بات نہیں کرنی تم مجھے میری محبت کی سزا دے رہی ہو!!!۔ آپ مجھے سمجھے نہیں۔ میں اس لیے ہی منا کر رہی تھی کیوں کے میں چاہتی تھی آپ نمرہ سے شادی کرے۔ وہ آپ کی کزن ہے۔ تم بھی کزن ہو سب سے بڑھ کے محبت ہو میری۔ وہ بھی آپ سے محبت کرتی ہے۔ اور تم تمہارا کیا۔ تم بھی تو کرتی ہو بس کہتی نہیں۔ تم اس سے زیادہ کرتی ہو بلکے مجھ سے بھی زیادہ مجھ سے محبت کرتی ہو۔ چاہے نہ بتاؤں میں خود تمہیں دیکھ چکا ہو دعاؤں میں مانگتے۔ میں نے تمہاری آنکھوں میں محبت دیکھی ہے۔ کب تک خود کو سب کا قصوروار سمجھو گی۔ صرف اپنی قصوروار ہو تم اور اب میری بن رہی ہو۔ کیوں تم میرال اور پھوپھو کا قصوروار خود کو سمجھتی ہو۔ انکل نے تمہاری وجہ سے نہیں چھوڑا انہیں۔ انہیں تمہاری قدر ہی نہیں تھی بلکہ پھوپھو اور میرال کی بھی نہیں۔ انہیں صرف بیٹا چاہیے تھا۔ چاہے وہ اُن کے ساتھ جتنا بھی برا سلوک کرے۔ بیٹیاں رحمت ہیں۔ میں تو اللہ سے بیٹی ہی مانگو

Posted On Kitab Nagri

گا۔ تم سب کی پروا چھوڑ دو مینال خود کو دیکھو۔اب وہ رو رہی تھی وہ سب کچھ جانتا تھا۔ پر کہتا نہیں تھا آج اس نے اپنا دل مینال کے سامنے رکھ دیا چاہے تو ٹھکرا دیتی یا سنبھال لیتی۔ بلکے یہ کہنا مناسب ہے کے وہ مینال کو اس سے زیادہ جانتا تھا۔ مینال سکتے میں تھی کے وہ سب کچھ کیسے جانتا۔ زید نے نوٹ کیا کے وہ صرف رونے کو ہے۔ اسے اپنے ساتھ لگا لیا بس یہ وہ وقت تھا مینال نے اونچی اونچی رونا شروع کر دیا۔ آپ کو کیسے پتہ یہ سب۔ بابا نے ہمارے ساتھ ایسا کو کیا۔ سوال پے سوال زید کنفیوزڈ تھا۔

پہلی بات مجھے کیسے پتہ یہ چھوڑ دو۔ دوسری بات اج کے بعد تمہاری آنکھوں میں اپنے بابا کی وجہ سے آنسو ای تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔

زید آپ بدلے گی تو نہیں۔

نہیں۔ ایک لفظ جواب

زید بتاے نہ آپ کو کیسے پتہ میں آپ سے محبت کرتی ہوں۔

تمہیں مجھ سے بہتر کوئی نہیں جان سکتا۔ کیوں کے جب راتوں میں اٹھ اٹھ کے روتی تھی نہ تو ساری رات میں ہی تمہیں دیکھتا تھا۔

کیسے !

مینال تو حیران ہو ہو گئی۔

آپ میرے کمرے میں آتے تھے۔ اور ویسے مجھے اگنور کرتے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ہاہاہاہا! بلکل۔ کمرے میں آتا تھا۔ رہی بات اگنور کی تو وہ میں مما کی وجہ سے کرتا تھا۔ تم بھی تو مجھے ائنور کرتی تھی۔ اپنا کیا خیال ہے۔ میں بھی مامی کی وجہ سے ہی اگنور کرتی تھی۔

کیا ارادہ سری باتیں ایسے ہی کرنی ہیں۔ ولیمے پے نہیں جانا۔

اوہ سوری! چلو تم ریڈی ہو جاؤ میں آتا ہوں۔

وہ اس کا دھیان بس مما سے ہٹانا چاہتا تھا۔ یہ سوچ کر کے بعد میں سوچے گا کے مما کو کیسے منانا۔

تقریباً ایک گھنٹے بعد سب ولیمے کے لیئے نکلے۔

سب کا دھیان کپل کی طرف تھا جو واقعی ساتھ بہت خوبصورت لگ رہی تھے۔

مینال اور زید بھی خوش تھے یہ ہی بات آمنہ بیگم کو ہضم نہیں ہو رہی تھی۔ مینال کی جگہ اگر میرال ہوتی تو شاید وہ صبر کر لیتی۔ مگر مینال ان سے برداشت نہیں ہوتی تھی۔

سٹیج پے آتے ہی ایان شروع ہو گیا۔ جہاں پہلے ہی مینال، زید، عشل، اور ویڈنگ کپک موجود تھا۔

کیا بات ہے بھئی آج تو چڑیلیں بھی حسین لگ رہی ہیں۔ دیکھ وہ مینال کی طرف رہا تھا اور سنا وہ عشل کو رہا تھا۔

زید نے بھی حصہ ڈالا تم نے میری بیوی کو کیسے بولا۔ اتنی حسین تو ہے۔

عشل پیچھے کیسے رہتی۔ جن بھی کچھ زیادہ ہی پیارے لگ رہے ہیں۔

کیوں مینال۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی بالکل۔جواب مینال کی طرف سے تھا۔

زید بھائی آپ کی بیوی نے آپ کو جن بولا۔

میں نے کب بولا۔ مینال نے کہا۔زید کو یاد کروانا ضروری سمجھا۔وہ دونوں لڑنا ہی شروع نہ کر دیں۔

میں نے آپ کو کہا۔ عشل نے بتایا ضروری سمجھا۔اس کا اشارہ ایان کی طرف تھا۔عشل نے بات سنبھال لی۔

اس سارے معاملے کو جو انجوائے کر رہے تھے وہ تھے میرال اور احمر۔

جسے اسے ولیمے کی رسم پوری ہوئی۔اور سب واپس چلے گے۔ میرال اور احمر نہیں ہے تھے کو کے احمر منا کر چکا تھا۔

گھر آ کے سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔

اگلے دن احمر کی طرف سے ایک نیا حکم جاری ہوا وہ بھی صبح صبح۔

آج سے میرے سارے کام آپ کرے گی۔

ج-جی ا-اچھا۔

میرے کپڑے نکال دیں۔اور ناشتا بنائے۔اور پراٹھے لازمی ہوں۔

آ- آپ سچ کہہ رہے ہیں۔مینال نے تصدیق کرنا لازمی سمجھا کیوں کے اس کے اندازے کے مطابق وہ ناشتا ہلکا پلکا کرتا ہوں گا۔

Posted On Kitab Nagri

احمر اپنی صحت کو لے کے کافی حساس ہے۔ یہ اسے عشل نے بتایا تھا۔ کچھ دن پہلے۔

میرا تمہارے ساتھ مذاق ہے نہیں ویسے۔

ویسے تمہارا میرا مذاق ہے نہیں ویسے۔

میرال نے وہاں سے جانے میں۔ ہی عافیت سمجھی۔

نیچے آ کر پہلے تو سوچا کے نہ بنائے۔

لیکن حکم ماننا تو تھا۔

اور کچن میں چلی گئی۔

میرال نے ناشتا بنانے میں تقریباً ایک گھنٹہ لگایا۔

وہ ناشتا سیٹ کر رہی تھی کے سب آ گئے۔

عالیہ بیگم حیران پہلے ہی دن بھی کام کر رہی ہے۔

شادی کی تھکاوٹ کی وجہ سے انکی آنکھ بھی دیر سے کھلی۔

بھابھی بہت اچھی خوشبو آ رہی ہے۔ عشل نے شروع کیا۔

تم نے کیوں بنایا ناشتا۔

میرال کیا جواب دیتی۔

جواب احمر کی طرف سے آ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اس کا گھر ہے بنانے دیں ناشتا۔

جی۔خالہ۔

بھابھی۔ بھی یہ سب نہیں کھاتے۔ عشل نے کہا۔

ماما میں چلتا ہوں۔ آپ کی بہو میرا موڈ آف کر چکی ہیں۔انہوں سمجھا دیں میری روٹین۔

بیٹا اتنے پیار سے بنایا تو چکھ لو۔ اتنے سے ہی میری محنت ضائع ہو جائے گی۔ آپ کو پتہ ہے میں جم کرتا ہو۔

اللہ حافظ۔

وہاں موجود سب لوگ احمر کا منہ دیکھ کے رہ گئے۔ میرال کو بہت عجیب لگا۔سب کیا سوچ رہے ہوں گے۔اسے یہ تھا جو بھی ہو احمر سب کے سامنے اس کا مان ضرور رکھے گا۔ یہاں اسے پہلے ہی دن نا اُمیدی ہوئی۔

وہاں تو خود کو مضبوط ظاہر کیا لیکن کمرے میں آکے وہ خوب روئی تھی۔

عشل اور خالہ اور بھی عجیب لگا۔ احمر کا رویہ۔

دل کا بوجھ ہلکا ہوا۔ تو میرال نیچے آگئی۔رات کے کھانے کی بھی تیاری کرنی تھی۔

خالا نیچے لونج میں ہی تھی۔ خالا ڈنر میں کیا بنانا۔

ادر اؤ میرے پاس۔ وہ خالہ کے پاس آئی اور اُن کی گود میں سر رکھ لیا۔

Posted On Kitab Nagri

تم روئی ہو۔

کیوں۔

نہیں تو۔

جھوٹ بولو گی۔

نہیں خالا۔

تمہیں احمر نے کہا تھا ناشتے کا۔

نہیں۔خود بنایا۔

تو تم اپنے شوہر کو بچاؤ گی۔

ہمم۔

مطلب نہیں بتاؤ گی۔

نہیں۔

تو ٹھیک ہے۔

اچھا خالا اک بات بتائے آپ کو کیسے پتہ چل جاتا۔

میں نے آپ کو پہلے بھی کچھ نہیں بتایا پھر بھی آپ اور مما سب کچھ جان جاتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

جس دن احمر نے تمہیں اپنے بابا کی موت کا زمہ دار کہا میں نے سن لیا تھا۔مجھے لگا صدمے میں ہے۔اور تم دونوں کو سپیس کی ضرورت ہے۔

میں چپ رہی۔تمہاری مما سے بات کی۔وہ چاہتی تھی اُن کی بیٹی خود بتائے انہیں۔لیکن انہیں نہیں پتہ تھا اُن کی بیٹی انہیں کچھ نہیں بتائے گی۔احمر سے بہت دفعہ بات کرنے کی کوشش کی پر وہ کوئی بات نہیں سننا چاہتا تھا۔

اسے کہا تمہیں طلاق دے دے۔پر اس پے بھی رضامند نہیں تھا۔کر مر جاؤ گا پر طلاق نہیں دو گا۔رخصتی

کے لیے کہا تو کہہ دیا ابھی شادی نہیں کرے گا۔مجھے اس لڑکے نے پاگل کیا ہوا۔

خالا آپ نے طلاق کی بات کی مجھے یقین نہیں آرہا۔

خالا ہنس دی۔کیوں کے مجھے پتہ وہ تمہیں نہیں چھوڑے گا۔مجھے یہ بھی پتہ تم اپنی شوہر کے خلاف کچھ نہیں سنو گی۔

آپ کو سب کیسے پتہ ہوتا۔

مجھے یقین نہیں آتا۔

Posted On Kitab Nagri

تم نا بھی بتاؤ میں۔سب جانتی ہو۔فلحال تمہارے شوہر کی انسلٹ کرنے کاارادہ رکھتی ہو کیوں میری اتنی پیاری بہو کو تنگ کیا۔اس نے۔خالہ آپ کچھ نہیں کہے گی۔ آپ کو میری قسم۔ٹیوب مطلب میں صحیح کہتی ہو۔ آگ دونوں طرف برابر ہے۔

اچھابتائیں ناکیابنانا۔تم نہیں میں بناؤ گی۔

نہیں آپ آرام کرے گی۔

مل کے بنالیتے ہیں۔

اچھاٹھیک ہے۔پر ابھی ٹھر کے ابھی ہم باتیں کرے گے۔

خالاا ک بات کہوں :

کہو۔

you are the world best khala.

اچھا۔تم بھی بہت اچھی ہو۔

اور وہ دونوں ہی ہنسنا شروع ہو گئے۔

کیا بات ہے بھئی بہت ہنسا جارہا ہے۔ نظر نہ لگ دینا ہمیں۔ مما میں آپ کی بیٹی ہو میری نظر کو لگے گی بھلا۔عشل ابھی نیچے آئی تھی۔

کیوں تنگ کرنے رہی ہیں میری نند کو۔

Posted On Kitab Nagri

مذاق کر رہی تھی وہ تو سیریس ہی ہو گئی۔

جا رہی ہو میں مجھے آپ سے بات نہیں کرنی۔

بھابھی چائے پیئیں گی۔

میں پیوں گی خالا نے کہا۔

آپ سے تو پوچھا ہی نہیں۔

میں پھر بھی پیوں گی۔

تم بیٹھو میں بنا لیتی ہوں۔ میر ال نے کہا۔

نہیں بھابھی آپ بیٹھے میں بناتی ہو اپنے اور آپ کے لیئے۔

اور خالہ کی۔

اچھا بھئی بنا لو گی۔ پھر اُن تینوں نے خوب باتیں کی اور چائے پی۔

زید آج گھر تھا وہ اپنا سارا وقت مینال کے ساتھ گزرنا چاہتا تھا۔

وہ باتوں میں مسئوف تھے کے دروازہ بجا۔

مانا کہ تمہارے شوہر حضور آ گے ہیں تم شادی شدہ ہو لیکن ایک عدد دوست بھی ہے تمہارا اس کا بھی پہنچ لیتی۔ دروازہ مینال نے قلعہ تو ایان شروع ہو گیا۔

آرام سے۔

Posted On Kitab Nagri

اندر آؤ پھر بات کرو۔

تم کیوں کباب میں ہڈی بن رہے ہو۔ ضد کی بیوی کی بات ہو اور زید نہ بولے ہو ہی نہیں سکتا۔

آپ تو چپ کرے یار پہلے آپ اسے منہ نہیں لگاتے تھے اب اچانک حق جتانا شروع کر دیا۔ اچھا بھلا میں اس سے شادی کر لیتا۔

تم نے میری بیوی پے نظر رکھی تھی۔ شرم تو نہیں آئی ہو گی ویسے۔

بلکل نہیں۔ شرم اور مجھے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور وہ دونوں لڑ رہے تھے اور مینال ان کے منہ دیکھ رہی تھی۔

بس بھی کریں آپ دونوں۔ مینال نے کہا۔

کو آئے تھے تم۔ فسادی کہیں کے۔ تم اپنے دوست کو کہہ رہی ہو۔ فسادی۔ مجھے تم سے یہی اُمید تھی۔

جاہل کہیں کی۔ اب زید انجوائے کر رہا تھا۔

اچھا اچھا بس لڑکیوں رہے ہو۔ زید نے کہا۔

مجھے بات کرنی ہے مینال سے۔ مجھے نہیں کرنی تم سے بات۔

اچھا سوری یار۔ بات تو سنو۔ مذاق کر رہا تھا بس بھائی کو تنگ کر رہا تھا۔

زید کو لگا بات بڑھ گئی ہے اس لیئے مینال سے کہا۔ سن لو بیچارے کی بات۔

بولو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہاں بھائی کے سامنے۔

میرے روم میں آوٴ۔

اب مینال ضد کی طرف دیکھ رہی تھی جس نے آنکھوں کے اشارے سے ہاں کہا۔

چلو۔

آتے وقت چائے بنالانا۔

جی۔

بولو کیا بات ہے۔

تم خوش ہو۔

ہمم۔مینال نے ایک لفظی جواب دیا۔

یار کتنے دیں ہوگے ہم لوگوں نے انجوائے ہی نہیں کیا۔

میں بور ہو رہا ہوں۔

پہلی مجھے ایک بات بتاوٴ۔

تم عشل کو پسند کرتے ہو۔مجھے کیوں نہیں بتایا۔

تمہیں کیسے پتہ چلا۔

جیسے تم اسے ولیمے پے دیکھ رہے تھے۔مجھے لگتا زید کو بھی شک ہے۔

Posted On Kitab Nagri

کیسے دیکھ رہا تھا۔

اپنے موبائل سے ایک ویڈیو زید کو بھیجی۔

یہ دیکھ لو۔

نہ کرو یار۔ تم نے مووی بنالی۔

